# آپ کی کمیونٹی میں تعمیراتی کام کے اثرات کو سنبھالنا

## شور، ارتعاش اور ٹریفک

ہم پورے نیو ساؤتھ ویلز کے پبلک سکولوں میں بہترین تعلیمی ماحول فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں تاکہ نوعمر افراد کو وہ مہارتیں اور علم ملے جس کی انہیں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے۔ ہم نئے سکولوں اور بہتر سکولوں میں ریکارڈ سرمایہ کاری کر رہے ہیں اور ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس کام کی وجہ سے کئی طرح کے اثرات ہو سکتے ہیں جیسے:

**آلات اور مشینوں کا شور**

**عمارتیں گرانے، کھدائی اور ڈرلنگ کی وجہ سے ارتعاش**

**عمارتیں گرانے اور کھدائی کی وجہ سے گرد**

**مقامی سڑکوں پر ٹریفک میں اضافہ یا ٹریفک کی صورتحال میں تبدیلیاں**

ہم ان طریقوں سے تعمیراتی کام کے اثرات کو کم کرنے کا ہدف رکھتے ہیں:

**تعمیراتی کام شروع کرنے سے پہلے اس کے لیے تیاری**

**ہمسایوں اور تعمیراتی کام کی وجہ سے متاثر ہو سکنے والے دوسرے لوگوں کو اطلاع دینا**

**اگر ممکن ہو تو تعمیراتی کام کا انتظام اس طرح کرنا جس سے اثرات کم رہیں**

## تعمیراتی کام شروع کرنے سے پہلے اس کے لیے تیاری

ہم تعمیراتی پلان اور ماحول کے انتظام کے پلان سمیت مختلف پلان تیار کرتے ہیں۔ ان پلانز سے واضح ہوتا ہے کہ ہم اپنی سائیٹ پر تعمیراتی کام کے ممکنہ اثرات کو کیسے سنبھالیں گے۔

ہر تعمیراتی سائیٹ مختلف ہوتی ہے اور ہم ہر پراجیکٹ کی موزونیت سے مختلف تعمیراتی طریقے استعمال کرتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں ہر پراجیکٹ کے اثرات کو سنبھالنے کے لیے ہمارے پلانز مختلف ہوں گے۔ اپنے پلانز تشکیل دیتے ہوئے ہم ان رہائشی افراد اور کاروباروں پر بھی غور کریں گے جو کسی پراجیکٹ سے متاثر ہو سکتے ہوں۔

ہمارے پلاننگ کے طریقے میں یہ شامل ہے:

- ان لوگوں کو شناخت کرنا جنہیں تعمیراتی کام کا شور اور ارتعاش پہنچ سکتا ہو یا جو کام سے متاثر ہو سکتے ہوں
- پراجیکٹ کے لیے قانونی اور ریگولیٹری شرائط اور تقاضوں کو اختیار کرنا۔ ان سے ہمیں اپنے سائیٹ کو چلانے کے سلسلے میں وہ اصول مہیا ہوتے ہیں جن پر ہم عمل کریں گے
- سائیٹ پر ہمارے کام سے پیدا ہونے والے شور اور ارتعاش کے اثرات کو کم کرنے کے طریقے شناخت کرنا
- تعمیراتی ٹریفک کے سائیٹ میں داخلے اور باہر نکلنے کے لیے محفوظ ترین راستے شناخت کرنا
- ہمارے ہمسایوں کے اپنی پراپرٹیوں تک پہنچنے اور وہاں سے نکلنے کے لیے محفوظ راستے مہیا کرنا
- سائیٹ پر اور اس کے قریب پارکنگ کے لیے پلانز بنانا
- سائیٹ پر گرد کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات کرنا

# تعمیراتی کام کے دوران بلڈنگ سائیٹ کے اثرات کو سنبھالنا

## مقامی کمیونٹی پر ہمارے اثرات کو کم کرنا

تعمیراتی کام سے خلل پیدا ہو سکتا ہے اور اس اہم سکول پراجیکٹ پر ہمارے کام کے دوران ہم آپ کے تحمّل کے لیے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ایسے کئی طریقے ہیں جن سے ہم تعمیراتی کام کی وجہ سے ہونے والے شور اور ارتعاش کے اثرات کو کم کر سکتے ہیں۔ ہم ہر پراجیکٹ کے لیے جو اقدامات کرتے ہیں، وہ مختلف ہوتے ہیں لیکن ان میں یہ اقدامات شامل ہو سکتے ہیں:

- شور کرنے والی مشینوں کو کلاس رومز اور گھروں سے دور رکھنا
- مشینوں کو اچھی حالت میں رکھنا تاکہ یہ درست کام کریں
- بہت زیادہ شور کرنے والی مشینوں اور آلات پر شور کنٹرول کرنے والے پرزے لگانا
- شور والے کام کو ایسے وقت پر رکھنا جو کم حسّاس ہو
- بہت زیادہ شور والے تعمیراتی کام کو امتحانوں اور سکول کے دوسرے اہم پروگراموں کے دنوں سے ہٹ کر رکھنا
- تعمیراتی کام کے وقت میں زیادہ شور والی سرگرمیوں سے آرام دلانے کے وقفے شامل کرنا

ہم مقامی کمیونٹی پر اثرات کو سنبھالنے کے لیے تعمیراتی کانٹریکٹرز کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ہم کام کے اثرات کم کرنے کے لیے اس طرح ان کی طرف سے مدد کی توقع کرتے ہیں:

- اپنے کانٹریکٹس میں ایسی شرائط شامل کر کے جن پر عمل کرنے کے وہ پابند ہوں
- تعمیراتی کارکنوں کے ساتھ سائیٹ کے متعلق گفتگو کر کے تاکہ انہیں سائیٹ کے اصول یاد دلائے جائیں
- سائیٹ پر جگہ جگہ سائن بورڈز لگا کر تاکہ کارکنوں کو یاد دلایا جائے کہ وہ سائیٹ پر شور کیسے کم کر سکتے ہیں

ہم تعمیراتی کام کے جدید طریقے modern methods of construction, (MMC) متعارف کروا رہے ہیں جن سے تعمیراتی شور اور خلل کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس کے تحت عمارت کے حصے فیکٹری میں بنائے جاتے ہیں اور پھر انہیں عمارت میں لگانے کے لیے سائیٹ پر لایا جاتا ہے۔ MMC پراجیکٹس میں اس کا مطلب کم شور، کم گرد، کم ٹریفک اور کم خلل ہے۔

## تعمیراتی کام کے گھنٹے

کبھی کبھار ہمیں کام کے عام اوقات کے علاوہ کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام اوقات کے علاوہ کام میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- سائیٹ پر بڑی ڈیلیوری کرنے والے بڑے ٹرکوں کی آمد ممکن بنانے کے لیے سڑکیں بند کرنا
- فون، پانی، بجلی یا سیوریج کے لیے پائپوں اور تاروں کی جگہ بدلنا
- سائیٹ پر ہنگامی کام۔

تعمیراتی کام کے معمول کے اوقات یہ ہیں:

- صبح 7 بجے سے شام 6 بجے، پیر تا جمعہ
- صبح 8 بجے سے دوپہر 1 بجے، بروز ہفتہ
- اتوار کو اور عوامی تعطیلات میں کام نہیں ہوتا۔

## آپ کو ہمارے تعمیراتی کام سے آگاہ کرنا

تعمیراتی کام کے دوران ہم خلل پیدا کرنے والے کام سے پہلے اپنے ہمسایوں کو آگاہ کریں گے۔ ہم آپ کو یہ بتائیں گے:

- ہم کب کام شروع اور ختم کرنے کی توقع رکھتے ہیں
- کام کے نتیجے میں کس قسم کے خلل کو ذہن میں رکھنا چاہیے
- ہم سائیٹ پر کن قسموں کا کام کریں گے
- کام کے متعلق سوالات یا شکایات کی غرض سے ہم سے رابطہ کرنے کے لیے فون نمبر

اگر ہمیں غیر متوقع طور پر عام اوقات سے ہٹ کر کام کرنے کی ضرورت پڑے تو ہم بعد میں جلد از جلد اس کی وجوہ واضح کریں گے۔

آپ ہماری ویب سائیٹ پر سکول انفراسٹرکچر NSW پراجیکٹس کے متعلق مزید معلومات دیکھ سکتے ہیں۔
schoolinfrastructure.nsw.gov.au پر جائیں اور سرچ بار میں سکول کا نام اینٹر کریں۔

**تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس کے لیے 131 450 پر کال کریں اور ان سے 1300 482 651 پر ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن - سکول انفرا سٹرکچر NSW سے کال ملانے کے لیے کہیں۔**

**ہمارے تعمیراتی کام کے اثرات کو سنبھالنے کے طریقوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں:**

ای میل schoolinfrastructure@det.nsw.edu.au
فون: 1300 482 651